دی سٹی اسکول

اعادہ ورک شیٹ مئی ۲۰۱۵ء

اُردو ۔ جماعت چہارم

نام:____________________ سیکشن:__________ تاریخ:__________________

تفہیم

ایک اچھا شہری ملک وقوم کا اچھا فرد ثابت ہوتا ہے۔شہری ہونے کی وجہ سے قطار بندی کا احترام کرنا اور اس پر عمل کرنا بھی اس پر لازم ہے۔قطار بنانے سے وقت بچ جاتا ہے۔سب کو اپنی اپنی باری پر جگہ مل جاتی ہے اور کام بھی وقت پر ہو جاتا ہے۔قطار بنانے سے جھگڑا نہیں ہوتا۔ہمیں بس اسٹاپ، ریلوے اسٹیشن، دکان، تعلیمی اداروں، ہوائی اڈے، بنک اور ڈاک خانے غرض ہر جگہ قطار میں کھڑے ہو کر اپنی باری پر کام کرنا چاہیئے۔جانوروں کو دیکھیں چیونٹیاں، کبوتر، بگلے، کوے اور اونٹ سب ہی قطار بندی پر عمل کرتے ہیں۔لڑائی جھگڑا بھی نہیں ہوتا۔پہلے آیئے اور پہلے پایئے کے اصول پر قطار بنانے سے کسی کا حق نہیں چھینا جاتا اور نہ ہی دیر ہوتی ہے۔ہمیں ہمیشہ ایک اچھا شہری ہونے کے ناطے قطار بندی پر سختی سے عمل کرنا چاہیئے۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔

ا۔ ایک اچھے شہری کا کیا فرض بنتا ہے؟

____

____

۲۔ قطار بنانا کیوں ضروری ہے؟

____

____

۳۔ کن جگہوں پر قطار بندی کے اصولوں پر عمل کرنا ضروری ہے؟

____

____

۴۔ قطار بندی پر عمل کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

۵۔ اس عبارت کا عنوان تحریر کریں؟

۶۔ درج ذیل الفاظ کا انگریزی میں ترجمہ کریں۔

۱۔ قطار ______________

۲۔ ملک ______________

۳۔ احترام ______________

۴۔ وقت ______________

۷۔ درج بالا عبارت میں سے دو (۲) حروف تلاش کر کے تحریر کریں۔

۱۔ ______________

۲۔ ______________

۸۔ درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	جملے
عمل	
جھگڑا	
باری	
اصول	